820-0080491
प्रश्न पुस्तिका क्रमांक
Question Booklet Serial No.

विषय कोड :
Subject Code : **107/207/307/503**

# INTERMEDIATE SENT-UP EXAMINATION-2024
# इन्टरमीडिएट उत्प्रेषण परीक्षा–2024

प्रश्न पुस्तिका सेट कोड
Question Booklet Set Code → **A**

## URDU (COMPULSORY)

**I.Sc., I.Com., I.A. & Voc.**

कुल प्रश्न : 100 + 7 = 107
**Total Questions : 100 + 7 = 107**
(समय : 3 घंटे 15 मिनट)
[ Time : 3 Hours 15 Minutes ]

कुल मुद्रित पृष्ठ : 24
**Total Printed Pages : 24**
( पूर्णांक : 100)
[ Full Marks : 100]

***Instructions for the candidate :***

1. ***Candidate must enter his / her Question Booklet Serial No. (10 Digits) in the OMR Answer Sheet.***
2. *Candidates are required to give their answer in their own words as far as practicable.*
3. *Figures in the left hand margin indicate full marks.*
4. *15 minutes of extra time has been allotted for candidates to read the questions.*
5. *This question paper is divided into two Sections.* ***Section-A*** *and* ***Section-B****.*

SENT-UP

27013

6. In **Section-A**, there are **100 objective type questions**, out of which **only 50 questions are to be answered**. If more than 50 questions are answered, then only first 50 will be evaluated. Each question carries **1 mark.** For answering these darken the circle with **blue/black ball pen** against the correct option on **OMR** Answer Sheet provided to you. **Do not use whitener/liquid/blade/nail etc. on OMR Answer sheet, otherewise the result will be treated invalid.**

7. In **Section-B**, there are **7 short answer and long answer type questions.** Marks are indicated on left side against each questions.

8. Use of any electronic appliances is strictly prohibited.

**ہدایات :**

1. امیدواروں کو **OMR** جوابی پرچہ میں اپنا سوالیہ کتابچہ کا سیریل نمبر (**10** ہندسوں میں) لکھنا ہوگا۔

2. امیدواروں کے لیئے ضروری ہے کہ جہاں تک ممکن ہو اپنے الفاظ میں جواب دیں۔

3. بائیں طرف حاشئے میں درج اعداد کل مارکس ظاہر کرتے ہیں۔

4. سوالات پڑھنے کے لیئے امیدواروں کو 15 منٹ کا اضافی وقت دیا گیا ہے۔

5. یہ سوال نامہ دو حصّوں پر مشتمل ہے۔ **سیکشن – A** اور **سیکشن – B**۔

6. **سیکشن – A** میں **100** معروضی سوالات ہیں، ان میں سے صرف **50** سوالوں کا جواب دینا ہے۔ اگر 50 سے زائد سوالوں کے جواب دیے جائیں گے تو صرف پہلے 50 کو شمار کیا جائے گا۔ ہر ایک کے لیئے ایک نمبر مختص ہے۔ ان کا جواب دینے کے لیئے مہیا کیئے گئے **OMR** جوابی شیٹ پر صحیح جواب کے سامنے نیلے/کالے بال پین سے دائرے کو بھریں۔ **OMR** جوابی شیٹ پر وائٹنر/سیال/بلیڈ/ناخن وغیرہ استعمال نہ کریں ورنہ آپ کا نتیجہ ناقابل قبول ہوگا۔

7. **سیکشن – B** میں **7** مختصر اور طویل جواب والے سوالات ہیں۔ ہر ایک سوال کے لیئے بائیں جانب مارکس درج ہیں۔

8. کسی قسم کے الیکٹرانک آلات کا استعمال سختی سے ممنوع ہے۔

## SECTION - A

درج ذیل معروضی سوالات میں سے پچاس کا صحیح جواب منتخب کریں۔ پچاس سے زیادہ جواب دینے پر شروع کے ہی 50 سوالات جانچ کیے جائیں گے :

50 × 1 = 50

1. فرحت اللہ بیگ نذیر احمد کے گھر کیوں آتے تھے ؟

(A) پڑھنے کے لئے

(B) پڑھانے کے لئے

(C) تفریح کے لئے

(D) علمی گفتگو کے لئے

2. راک فیلر کس چیز کی تجارت کرتا تھا ؟

(A) ناریل کا تیل

(B) کدو کا تیل

(C) سرسوں کا تیل

(D) مٹی کا تیل

3. 'مٹی کا تیل' کیا ہے ؟

(A) افسانہ

(B) ناول

(C) خاکہ

(D) مضمون

4. شبلی کی کس نامکمل تصنیف کو سلیمان ندوی نے مکمل کیا ؟

(A) سیرت النعمان

(B) سیرت النبی ﷺ

(C) الفاروق

(D) المامون

5. انشائیہ نگار کا مقصد کیا ہوتا ہے ؟

(A) جدّت طرازی (B) طنز و مزاح

(C) سادگی (D) عالمانہ بحث

6. درج ذیل میں غیر افسانوی ادب کون ہے ؟

(A) ناول (B) داستان

(C) افسانہ (D) انشائیہ

7. ایک ممتاز ناقد کے علاوہ وزیر آغا کی شہرت کس چیز میں تھی ؟

(A) افسانہ نگار (B) انشائیہ نگار

(C) ناول نگار (D) سوانح نگار

8. انشائیہ کس چیز کی پیداوار ہے ؟

(A) موافق حالات (B) علم کی گہرائی

(C) شگفتہ موڈ (D) ناخوشگوار حالات

9. احمد جمال پاشا کا خاص ادبی میدان کیا تھا ؟

(A) طنز و ظرافت (B) تنقید

(C) شاعری (D) تحقیق

10. بہار کے کس کالج میں احمد جمال پاشا نے ملازمت کی ؟

(A) مرزا غالب کالج (B) ملت کالج دربھنگہ

(C) اورینٹل کالج (D) ذکیہ آفاق اسلامیہ کالج

11. باغ و بہار کب لکھی گئی ؟

(A) 1901ء (B) 1801ء

(C) 1880ء (D) 1850ء

12. کالج کی طرف سے 'باغ و بہار' پر میر امّن کو کتنے روپے کا انعام ملا ؟

(A) دوسو روپے (B) تین سو روپے

(C) چار سو روپے (D) پانچ سو روپے

13. ٹوبہ ٹیک سنگھ کا تعلق کس صنف سے ہے ؟

(A) خودنوشت (B) ڈرامہ

(C) افسانہ (D) مکتوب نگاری

14. منٹو کے پہلے افسانے کا عنوان کیا ہے ؟

(A) الاؤ (B) آنکھ مچولی

(C) تماشا (D) فرار

15. جیلانی بانو نے کس افسانہ نگار پر مونوگراف لکھا ؟

(A) کرشن چندر (B) پریم چند

(C) بیدی (D) سہیل عظیم آبادی

16. ان میں سے جیلانی بانو کے افسانوں کا مجموعہ کون ہے ؟

(A) آنکھ مچولی (B) دانہ و دام

(C) روشنی کے مینار (D) روشنی کی رفتار

A

17. شفیع جاوید نے کس مضمون میں ایم اے کیا ؟

(A) اردو
(B) فارسی
(C) سماجیات
(D) انگریزی

18. سید عزیز احمد کو ڈائرکٹر سے ریٹائر ہوئے کتنے سال ہوئے تھے ؟

(A) دس سال
(B) نو سال
(C) آٹھ سال
(D) چھ سال

19. سقّہ کے معنی ہیں ؟

(A) پانی پلانے والا
(B) کھانا کھلانے والا
(C) خادم
(D) ملازم

20. افسانہ 'ابراہیم سقّہ' میں اسکول کے انچارج کون ہیں ؟

(A) امیر علی
(B) بدرالدین
(C) عبدالرب
(D) بیدار خاں

21. سلام بن رزاق نے ممبئی میونسپل کارپوریشن کے اسکولوں میں کتنے برسوں تک ملازمت کی ؟

(A) 35 برس
(B) 36 برس
(C) 38 برس
(D) 40 برس

22. 'غبار خاطر' میں کتنے خطوط ہیں ؟

(A) 24
(B) 20
(C) 16
(D) 14

23. 'غبار خاطر' کے خطوط کس جیل سے لکھے گئے ؟

(A) ہزاری باغ جیل (B) بانکی پور جیل

(C) قلعہ احمد نگر جیل (D) تہاڑ جیل دہلی

24. رجب علی بیگ سرور کی وفات کہاں ہوئی ؟

(A) الٰہ آباد (B) رام نگر، بنارس

(C) لکھنؤ (D) کانپور

25. فسانۂ آزاد میں کہاں کی معاشرت پیش کی گئی ہے ؟

(A) لکھنؤ (B) دہلی

(C) حیدرآباد (D) عظیم آباد

26. بیدی نے لاہور کے کس رسالے کی ادارت کی ؟

(A) سارنگ (B) نارنگ

(C) سب رنگ (D) ہفت رنگ

27. افسانہ 'کوارنٹین' کا مرکزی کردار کون ہے ؟

(A) راگھو (B) پھاگو

(C) ساون (D) بھاگو

28. جئے پرکاش نارائن اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لئے کس ملک کا سفر کیا ؟

(A) برطانیہ (B) امریکہ

(C) چین (D) روس

29. 'کامل انقلاب' کے مصنف کون ہیں ؟

(A) راجندر پرساد (B) مولانا آزاد

(C) جئے پرکاش نارائن (D) شری کرشن سنگھ

30. علی سردار جعفری نے اپنی ادبی زندگی کا آغاز کس صنف سے کیا ؟

(A) افسانہ نگاری (B) غزل گوئی

(C) نظم نگاری (D) انشائیہ نگاری

31. ان میں نظم نگار کی حیثیت سے کس شاعر کو تسلیم کیا گیا ہے ؟

(A) فائز دہلوی (B) شاد عظیم آبادی

(C) نظیر اکبر آبادی (D) میر انیس

32. نظم 'کھیتی' کا مرکزی کردار کون ہے ؟

(A) انسان (B) وقت

(C) کسان (D) غلّہ

33. عمیق حنفی آل انڈیا ریڈیو کے کس عہدہ سے سبکدوش ہوئے ؟

(A) اسٹیشن ڈائرکٹر (B) ڈائرکٹر جنرل

(C) پروگرام آفیسر (D) تکنیکی آفیسر

34. اکبر الٰہ آبادی کس طرح کے شاعر تھے ؟

(A) سنجیدہ (B) ظریف

(C) فطرت نگار (D) عوامی

35. نظم 'برق کلیسا' میں شاعر نے 'گلشن فطرت کی بہار' کس کو کہا ہے ؟

(A) مِس کو (B) دوست کو

(C) فطرت کو (D) شاعر کو

36. متشاعر کی نظر میں غم خوار کون ہے ؟

(A) افسانہ نگار (B) پیروڈی نگار

(C) قصیدہ نگار (D) مثنوی نگار

37. نظم 'متشاعر' کس طرح کی نظم ہے ؟

(A) صوفیانہ (B) ظریفانہ

(C) رومانی (D) فلسفیانہ

38. ڈی لٹ کی اعزازی ڈگری سے یوجینو مونتالے کو کس یونیورسیٹی نے نوازا ؟

(A) آکسفورڈ یونیورسیٹی (B) کیمبرج یونیورسیٹی

(C) میونخ یونیورسیٹی (D) ان میں سے کوئی نہیں

39. یوجینو مونتالے کی کون سی نظم آپ کے نصاب میں شامل ہے ؟

(A) ہم نہیں جانتے (B) تم نہیں جانتے

(C) وہ نہیں جانتے (D) کوئی نہیں جانتے

40. غالب کا مزار کہاں ہے ؟

(A) آگرہ (B) مرادآباد

(C) رام پور (D) دہلی

41. غالب کی والدہ کا کیا نام تھا ؟

(A) شرف النساء بیگم (B) بدرالنساء بیگم

(C) عزت النساء بیگم (D) سروری بیگم

42. ان میں سے کون پیروی میر کے لئے نہیں جانا جاتا ہے ؟

(A) ناصر کاظمی (B) ابن انشاء

(C) یگانہ چنگیزی (D) خلیل الرحمٰن اعظمی

43. یگانہ چنگیزی کی پیدائش کب ہوئی ؟

(A) 1882ء (B) 1878ء

(C) 1884ء (D) 1885ء

44. کتنے سال کی عمر میں خلیل الرحمٰن اعظمی کی وفات ہوئی ؟

(A) 50 سال (B) 51 سال

(C) 52 سال (D) 53 سال

45. 'سورج ہے گو نا مہرباں' ہے سر پہ............سائباں' مصرعہ مکمل کیجئے۔

(A) گیلا (B) نیلا

(C) کیلا (D) پیلا

46. قطعۂ تاریخ 'غم ارشد' کس کی موت پر لکھی گئی ؟

(A) چچا کی موت پر (B) بیٹے کی موت پر

(C) بھائی کی موت پر (D) والد کی موت پر

47. 'عِلمِ ارشد' کیا ہے ؟

(A) نظم (B) مرثیہ

(C) قصیدہ (D) قطعہ تاریخ

48. ان میں سے کون شاعر مرثیہ نگاری کے لئے مشہور ہے ؟

(A) میر حسن (B) مرزا شوق

(C) میر تقی میر (D) میر انیس

49. مرثیہ کے لئے پہلے بار مسدس کی ہئیت کس نے اختیار کی ؟

(A) میر تقی میر (B) انیس

(C) سودا (D) دبیر

50. صنف مرثیہ کو بام عروج تک کس نے پہنچایا ؟

(A) میر مستحسن خلیق (B) میر انیس

(C) میر دبیر (D) سودا

51. جوش کی کتاب 'یادوں کی بارات' کا تعلق کس نثری صنف سے ہے ؟

(A) تنقید (B) سوانح

(C) خودنوشت (D) تاریخ

52. 'بھوکوں کی نظریں بجلی ہے، توپوں کے دہانے ٹھنڈے ہیں' یہ مصرعہ کس شاعر کا ہے ؟

(A) مجاز (B) عمیق حنفی

(C) جوش (D) علی سردار جعفری

53. مجاز لکھنوی کی وفات کب ہوئی ؟

(A) 1954ء (B) 1955ء

(C) 1956ء (D) 1957ء

54. نصاب میں شامل 'آوارہ' کیا ہے ؟

(A) ناول (B) افسانہ

(C) انشائیہ (D) نظم

55. ولی دکن سے کہاں آئے تھے ؟

(A) لکھنؤ (B) الہ آباد

(C) دہلی (D) پٹنہ

56. دبستان دکن کے سب سے بڑے غزل گو شاعر کون ہیں ؟

(A) ولی دکنی (B) قلی قطب شاہ

(C) غواصی (D) ابن نشاطی

57. غلام علی راسخ کا تعلق کہاں سے تھا ؟

(A) لکھنؤ سے (B) عظیم آباد سے

(C) مرشد آباد سے (D) دہلی سے

58. راسخ کی وفات کب ہوئی ؟

(A) 1922ء (B) 1923ء

(C) 1924ء (D) 1925ء

59. 'انجم' کے معنی کیا ہیں ؟

(A) سورج (B) چاند

(C) ستارے (D) کہکشاں

60. درج ذیل شعراء میں قصیدہ گو کون ہیں ؟

(A) عطا کاکوی (B) خلیل الرحمٰن اعظمی

(C) میرتقی میر (D) مرزا محمد رفیع سودا

61. ساحرلدھیانوی کہاں پیدا ہوئے ؟

(A) جالندھر (B) لدھیانہ

(C) امرتسر (D) مالیرکوٹلہ

62. درج ذیل شعراء میں سے کس کا تعلق فلموں سے رہا ہے ؟

(A) ساحرلدھیانوی (B) علامہ اقبال

(C) شادعظیم آبادی (D) مرزاغالب

63. تشبیہ کے لفظی معنی ہیں۔

(A) ایک چیز کو دوسری چیز کے ہم معنی قرار دینا

(B) ایک چیز کو دوسری چیز کی مانند قرار دینا

(C) ایک چیز کو دوسری چیز کے متضاد قرار دینا

(D) ایک چیز کو دوسری چیز کے مترادف قرار دینا

64. استعارہ کی بنیاد رکھی جاتی ہے

(A) جھوٹ پر (B) حقیقت پر

(C) مجاز پر (D) کسی پر نہیں

65. اسم فاعل کا مثال ہے

(A) دیکھنے والا (B) دیکھا ہوا

(C) دیکھا گیا (D) دیکھنا

66. جملہ کس سے بنتا ہے ؟

(A) فعلوں سے (B) اسموں سے

(C) حرفوں سے (D) لفظوں سے

67. کلمہ جامد کی مثال ہے

(A) ندی (B) کھیلنا

(C) کودنا (D) ہنسنا

68. ماضی کے جس فعل میں کام کا جاری رہنا پایا جاتا ہے، اسے کیا کہتے ہیں ؟

(A) ماضی ناتمام (B) ماضی مطلق

(C) ماضی قریب (D) ماضی بعید

69. صحیح جملہ ہے

(A) استاد نے دیکھا (B) استاد دیکھا

(C) استاد سے دیکھا (D) استاد نے دیکھی

70. فعل ماضی کی کتنی قسمیں ہیں ؟

(A) دو
(B) تین
(C) چار
(D) چھ

71. ذیل میں اسم نکرہ یعنی اسم عام کون ہے ؟

(A) گنگا
(B) جمنا
(C) ندی
(D) جھیلم

72. 'رانی کھیل رہی ہے' اس میں 'رانی' کیا ہے ؟

(A) فعل
(B) صفت
(C) فاعل
(D) مفعول

73. 'کف گیر' کیا ہے ؟

(A) اسم ظرف
(B) اسم آلہ
(C) اسم مکبر
(D) اسم معرفہ

74. فضل الرحمٰن فضلو کے نام سے مشہور ہے۔اس میں 'فضلو' کیا ہے ؟

(A) خطاب
(B) لقب
(C) عرف
(D) کنیت

75. 'وہ کھاتا ہے' میں 'وہ' کیا ہے ؟

(A) اسم حالیہ
(B) اسم فاعل
(C) اسم مفعول
(D) ان میں سے کوئی نہیں

76. صلح کا فاعل کیا ہوگا ؟

(A) صلحاء
(B) مصلح
(C) مصلحین
(D) صالحین

77. خبر کی جمع کیا ہوگی ؟

(A) خبیر
(B) مخبر
(C) اخبار
(D) خبار

78. ان میں سے اسم صفت تلاش کیجیے:

(A) بینا
(B) نابینا
(C) بینائی
(D) ان میں سے کوئی نہیں

79. وہ اس باغ کا نگہبان ہے۔ اس میں لاحقہ کون ہے ؟

(A) بان
(B) باغ
(C) وہ
(D) نگہہ

80. تشبیہ کی بنیاد ہوتی ہے

(A) مجاز پر (B) حقیقت پر

(C) مبالغہ پر (D) جھوٹ پر

81. 'کھیلے گا' کس طرح کا فعل ہے ؟

(A) ماضی (B) حال

(C) مستقبل (D) مضارع

82. 'رام نے رحیم کی بات پر ہنسا' اس میں ہنسا کیا ہے ؟

(A) فعل (B) فاعل

(C) مفعول (D) اسم

83. 'تم ضرور پاس کروگے' یہ کون سا زمانہ ہے ؟

(A) فعل ماضی (B) فعل مستقبل

(C) فعل حال (D) ماضی قریب

84. وہ کھیل رہی............ ۔ جملہ مکمل کریں۔

(A) ہیں (B) ہو

(C) ہوں (D) ہے

85. حرف ندا کی مثال ہے

(A) کیا (B) مگر

(C) شاید (D) اے بابو !

86. اکبرالہ آبادی کس پرچے کے نورتنوں میں شامل ہیں ؟

(A) نگار (B) زمانہ

(C) الپنچ (D) اودھ پنچ

87. 'میں یونیورسیٹی میں' کس کی خودنوشت ہے ؟

(A) احسان دانش (B) احسان تابش

(C) حسن نظامی (D) وزیر آغا

88. ان میں کون سی تخلیق افسانہ نہیں ہے ؟

(A) نذیر احمد کی کہانی (B) پرامس

(C) ابراہیم سقّہ (D) ٹوبہ ٹیک سنگھ

89. درج ذیل میں ماضی شکیہ کون ہے ؟

(A) وہ آیا ہوگا (B) وہ آتا تھا

(C) وہ آتا ہے (D) وہ آئے گا

90. 'میں آیا تھا' کون سا صیغہ ہے ؟

(A) واحد غائب
(B) واحد حاضر
(C) واحد متکلم
(D) جمع متکلم

91. درج ذیل میں ماضی بعید کی مثال کون ہے ؟

(A) میں کھایا تھا
(B) تم کھاتے ہو
(C) وہ کھائے گا
(D) اس نے کھایا

92. 'استاد پڑھاتے تھے' کون فعل ہے ؟

(A) ماضی ناتمام
(B) ماضی بعید
(C) ماضی قریب
(D) ماضی مطلق

93. عذاب کی ضد کیا ہوگی ؟

(A) ثواب
(B) شتاب
(C) شباب
(D) صواب

94. ضلع کی جمع کیا ہوگی ؟

(A) ضلاع
(B) اضلاع
(C) ضلعی
(D) ضلعان

**A**

95. درج ذیل میں کون سا لفظ مذکر ہے ؟

(A) نعمت (B) اذان

(C) نماز (D) حج

96. ان میں سے مؤنث کی نشاندہی کیجئے :

(A) روح (B) دلبر

(C) ناشاد (D) قلم

97. 'آسمان سے تارے توڑنا' کا مطلب ہوتا ہے ؟

(A) بہت مشکل کام کرنا (B) مشکلوں سے گزرنا

(C) بلندی سے کودنا (D) آسمان کے تاروں کو دیکھنا

98. 'عام' کا ہم صوت لفظ کیا ہوگا ؟

(A) خام (B) آم

(C) نام (D) کام

99. 'سہل' کے کیا معنی ہیں ؟

(A) آسان (B) دشوار

(C) کٹھن (D) رواں

100. 'شبِ قدر' کس کی مثال ہے ؟

(A) صفت (B) موصوف

(C) اضافت (D) منادی

## SECTION - B

1. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھئے : 1 × 8 = 8

(a) پیارے نبی ﷺ

(b) یوم جمہوریہ

(c) کمپیوٹر کے فائدے

(d) موسم سرما

2. مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی دو کی تشریح کیجئے : 2 × 2 = 4

(a) عالم میں مکدر، کوئی دل صاف نہیں ہے
اس عہد میں سب کچھ ہے پر انصاف نہیں ہے

(b) ہوئے ہیں پیر ہم اب دیدنی رونا ہمارا ہے
پلک پر اپنی آنسو صبحِ پیری کا ستارا ہے

(c) غالب وظیفہ خوار ہو، دو شاہ کو دعا
وہ دن گئے جو کہتے تھے نوکر نہیں ہوں میں

(d) خدا ہی جانے یگانہ، میں کون ہوں، کیا ہوں
خود اپنی ذات پہ شک دل میں آئے ہیں کیا کیا

3. مندرجہ ذیل اقتباس کی تشریح سیاق وسباق کے حوالے سے کیجئے : 1 × 4 = 4

''امریکہ کا راک فیلر اسی خاک کے نیچے رہنے والے تیل کی بدولت لاتعداد دولت کا مالک ہے۔ یہی تیل دوسرے ممالک کے ہاتھ میں رہنے کے باعث ہندوستان کی دولت غیروں کو بانٹ رہا ہے۔''

یا

''آرڈر کے مطابق میں تیسرے روز دھورن گاؤں کے اسکول میں حاضر ہو گیا تھا۔ اسکول میں میرے علاوہ دو اساتذہ اور تھے۔ جناب بدرالدین اسکول انچارج اور دوسرے امیر علی جو میری طرح معاون مدرس تھے۔ امیر علی کی سروس پندرہ برس پرانی تھی۔ ان کا پچھلے سال ہی یہاں تبادلہ ہوا تھا۔''

4. اپنے والد کو خط لکھ کر سائیکل خریدنے کی درخواست کریں۔ 1 × 5 = 5

یا

اپنے اسکول کے پرنسپل کو درخواست لکھئے جس میں کھیل کا سامان خریداری کرنے کی گزارش ہو۔

5. درج ذیل سوالوں میں سے صرف **پانچ** کے مختصر جواب دیجئے : 5 × 2 = 10

(a) 'غبارِ خاطر' کس زمانے کی تصنیف ہے ؟

(b) افسانہ 'ابراہیم سقّہ' سلام بن رزاق کے کس افسانوی مجموعہ سے ماخوذ ہے ؟

(c) امّو نے اپنے بیٹوں سے کیا پرامس لیا تھا ؟

(d) ٹوبہ ٹیک سنگھ کی موت کس جگہ ہوئی ؟

(e) 'ہجرت' کا تعلق کس ادب سے ہے ؟

(f) یگانہ چنگیزی کی زندگی کا بیشتر حصہ کہاں گزرا ؟

(g) خلیل الرحمن اعظمی کے دو معاصرین کے نام بتائیے ؟

(h) جمیل اور عقیل کون ہیں ؟

(i) مشرقی شاعری میں مرثیہ کسے کہتے ہیں ؟

(j) نظم 'کھیتی' فنی اعتبار سے کس ہیئت کی نظم ہے ؟

6. مندرجہ ذیل میں سے کسی تین سوالوں کے جواب دیجئے : $3 \times 5 = 15$

(a) افسانہ 'ٹوبہ ٹیک سنگھ' میں پیڑ پر چڑھے پاگل نے کس مسئلہ پر تقریر کی ؟

(b) فرحت اللہ بیگ شعر خوانی میں کس طرح غلطیاں کرتے تھے ؟

(c) نصاب میں شامل کسی بھی شاعر کا کوئی دو اشعار خوشخط لکھئے۔

(d) فعل کی تعریف مع مثال لکھئے۔

(e) نظم 'برق کلیسا' کا خلاصہ لکھئے۔

(f) ہمارے کھانوں میں ناشتہ کی کیا اہمیت ہے ؟

7. درج ذیل عبارت کی تلخیص پیش کیجئے:                                                                 1 × 4 = 4

''ان خانہ بدوشوں کے مقابلے میں مہذب انسان کتنا معذور نظر آتا ہے۔ اس کی خواہشات کا لال قلعہ تو بس ایک مکان ہوا کرتا ہے جسے وہ زندگی بھر جوڑ، بٹور کر، کسی نہ کسی طرح بنا بھی لیتا ہے۔ پھر اس نے بقیہ زندگی بلکہ پشتوں تک طفیلی بیل کی طرح چمٹا زندگی نچوڑتا رہتا ہے۔ خانہ بدوش کا گھر اور دھندا تو معصوم بچے کا ریت کا گھر ہے۔ خانہ بدوش تو زندگی کا کمہار ہے جس کے چاک سے روزانہ طرح طرح کے گھروندے اور ڈھنڈے بنتے رہتے ہیں۔ ادھر ذرا کسی زندگی کے کھلونے کی شکل بگڑی اور اس نے اسے مٹی کے لوندے میں ملا کر پھر مٹی سان دی۔''

یا

درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھئے:

(a) پر امس

(b) کھیتی

(c) گفتگو